گورنر سندھ کے نام اربابِ وفاق کا خط

گذشتہ دنوں ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے کراچی کے دینی مدارس کے منتظمین اور مساجد کے ائمہ اور خطباء کے کوائف جمع کرنے کا حکم نامہ جاری کیا گیا، جس پر عمل درآمد کرتے ہوئے ایم کیو ایم کے کارکنان نے بعض مدارس میں جا کر کوائف حاصل کرنے کی کوشش کی، جس کی بناء پر دینی حلقوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی، اس نازک موقع پر اربابِ وفاق المدارس کی جانب سے گورنر سندھ کو ایک خط لکھا گیا، ذیل میں اس خط کا متن قارئین کی خدمت میں پیش ہے......................(ادارہ)

محترم ومکرم عزت مآب جناب ڈاکٹر عشرت العباد صاحب گورنر سندھ، اسلامی جمہوریہ پاکستان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ......مزاجِ گرامی بخیر!!

گزارش ہے کہ آنجناب چونکہ وفاقِ پاکستان اور حکومتِ پاکستان کے بھی نمائندہ ہیں اور ایم کیو ایم کے بھی نمائندہ ہیں اس لیے دینی مدارس بلکہ وطنِ عزیز پاکستان کے ایک نہایت ہی اہم معاملے کی جانب آپ کی توجہ مبذول کروانی ہے۔ گزشتہ دنوں ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین صاحب کی جانب سے دینی مدارس کے منتظمین اور مساجد کے خطباء کے کوائف جمع کرنے کا جو اعلان کیا گیا اس کی وجہ سے پورے ملک میں بلکہ دنیا بھر میں تشویش واضطراب کی لہر دوڑ گئی تھی۔ اگرچہ اس وقت اس اعلان کو محض ایک بیان کے طور پر لیا گیا لیکن اب باقاعدہ طور پر بعض مدارس اور مساجد میں ایم کیو ایم کے کارکنوں کی کوائف طلبی کے لیے آمد کی اطلاع ملی تو ملک بھر کے مدارس بالخصوص کراچی کے تمام اداروں میں اشتعال و اضطراب کی لہر دوڑ گئی اور تصادم اور محاذ آرائی کا سنگین خطرہ پیدا ہو گیا۔ اس صورتحال میں وفاق المدارس کا یہ اعلیٰ سطحی نمائندہ وفد آپ سے ملاقات کر رہا ہے اور آپ کی توجہ اس اہم معاملے کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہے کہ اس معاملے کا آپ فوری نوٹس لے کے اس کی روک تھام کا بندوبست فرمائیں کیونکہ ہماری دانست میں دینی مدارس کے کوائف طلب کرنے کا اختیار حکومت کو ہے اگر کوئی جماعت یا کوئی فرد جماعتی یا انفرادی طور پر اس معاملے میں قانون کو اپنے ہاتھ میں لے گا تو اس کی وجہ سے انتشار اور فساد کا دروازہ کھلے گا۔ اس لیے گزارش ہے کہ براہ مہربانی ایم کیو ایم کے کارکنان اور عہدیداران کو اس مہم جوئی سے باز رکھنے کا اہتمام فرمائیں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

والسلام مع الاکرام

شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان
(صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان)

مولانا محمد حنیف جالندھری
(ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان)